متحدہ قومی موومنٹ کے قائدالطاف حسین نے ایم کیوایم کے مرکز نائن زیروفون کرکے اراکین رابطہ کمیٹی، تمام شعبہ جات میں خدمات انجام دینے والے کارکنوں اورحق پرست نمائندوں کوعیدالاضحیٰ کی مبارکباد پیش کی

جناب الطاف حسین نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی کیمپ میں موجود کارکنوں اور ذمہ داروں کوبھی عید کی مبارکباد پیش کی

لندن ۔۔۔9 دسمبر 2008ء ۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کراچی میں عیدالاضحیٰ کی نماز کے بعد ایم کیوایم کے مرکز نائن زیروفون کرکے وہاں موجوداراکین رابطہ کمیٹی، نائن زیرو کے تمام شعبہ جات میں خدمات انجام دینے والے کارکنوں اوروہاں موجود حق پرست نمائندوں کوعیدالاضحیٰ کی مبارکباد پیش کی ۔ تمام ذمہ داروں، کارکنوں اورحق پرست نمائندوں نے بھی جناب الطاف حسین کومبارکباد پیش کی ۔ جناب الطاف حسین نے تحریک کے تمام کارکنوں، ذمہ داروں، ماؤں، بہنوں اور بزرگوں کیلئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ انہیں حفظ وامان میں رکھے، تحریکی جدوجہد میں ثابت قدم رکھے اورتحریک کوکامیاب سے ہمکنار کرے ۔ جناب الطاف حسین نے قربانی کی کھالیں جمع کرنے کے سلسلے میں قائم کئے گئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی کیمپ میں فون کرکے وہاں موجود کارکنوں اور ذمہ داروں سے بھی بات کی اورانہیں عید کی مبارکباد پیش کی ۔ اس موقع پرتمام کارکنوں اور ذمہ داروں نے بھی جناب الطاف حسین کوعید کی مبارکباد پیش کی ۔ اس موقع پر اراکین رابطہ کمیٹی اوردیگر ذمہ داروں نے یوم شہداء کے حوالے سے جناب الطاف حسین سے انکے بڑے بھائی ناصر حسین شہید اور بھتیجے عارف حسین شہید کی برسی پربھی تعزیت اورافسوس کا اظہار کیا اورشہداء کیلئے دعائے مغفرت کی ۔

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے عیدالاضحیٰ کی نماز لندن کی مقامی مسجد میں ادا کی

لندن ۔۔۔9 دسمبر 2008ء ۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے گزشتہ روز عیدالاضحیٰ کی نماز لندن کی مقامی مسجد میں ادا کی ۔ نماز کے بعد وہ نمازیوں میں گھل مل گئے ان سے عید ملی اور عید کی مبارکباد پیش کی ۔ دریں اثناء ایم کیوایم کے اراکین رابطہ کمیٹی، انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے ارکان اور یوکے یونٹ کے کارکنوں نے سیکریٹریٹ پہنچ کر جناب الطاف حسین کوعیدالاضحیٰ کی مبارکباد پیش کی ۔ جناب الطاف حسین نے بھی انہیں عید کی مبارکباد پیش کی اوردعائیں دیں ۔

عیدالاضحیٰ کے موقع پر پاکستان سمیت دنیا کے مختلف ممالک سے ایم کیوایم کے کارکنوں اور مختلف شعبہء زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ فون کرکے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد الطاف حسین کوعید کی مبارکباد پیش کی

لندن ۔۔۔9 دسمبر 2008ء ۔۔۔ عیدالاضحیٰ کے موقع پر پاکستان سمیت دنیا کے مختلف ممالک سے ایم کیوایم کے کارکنوں اور مختلف شعبہء زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ فون کرکے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کوعید کی مبارکباد پیش کی اور ۔ عیدالاضحیٰ کے موقع پر پاکستان کے صوبہ سندھ، پنجاب، بلوچستان اور سرحد کے مختلف شہروں، قصبوں، گلگت بلتستان، شمالی علاقہ جات اور آزاد کشمیر سے ایم کیوایم کے کارکنوں اورحق پرست نمائندوں سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے لوگوں کی بڑی تعداد نے فون کرکے جناب الطاف حسین کوعید کی مبارکباد پیش کی ۔ فون کرنے والوں میں نوجوانوں کے علاوہ خواتین، بزرگ اور بچے بھی شامل تھے ۔ پاکستان کے علاوہ دنیا کے مختلف ممالک سے بھی ایم کیوایم کے کارکنوں اور ہمدردوں نے انٹرنیشنل سیکریٹریٹ فون کرکے جناب الطاف حسین کوعید کی مبارکباد پیش کی ۔ فون کے علاوہ فیکس اور ای میل کے ذریعے بھی عید کی مبارکباد کے پیغامات موصول ہوئے ۔

عیدالاضحیٰ کے موقع پرعوام نے بہت بڑی تعداد میں قربانی کے جانوروں کی کھالیں خدمت خلق فاؤنڈیشن کوعطیہ کیں

کراچی کے علاوہ اندرون سندھ، صوبہ پنجاب، سرحد، بلوچستان اور آزاد کشمیر میں بھی لوگوں نے کھالیں بڑی تعداد میں عطیہ کیں

خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں زبردست چہل پہل، عوام نے اپنی مدد آپ کے تحت بھی کھالیں پہنچائیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر)9، دسمبر 2008ء ۔۔۔ عیدالاضحیٰ کے پہلے روز کراچی، اندرون سندھ سمیت صوبہ پنجاب، سرحد اور بلوچستان کے علاوہ آزاد کشمیر کے عوام نے قربانی کے جانوروں کی کھالیں بڑی تعداد میں متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی فلاحی سرگرمیوں کیلئے عطیہ کیں ۔ قربانی کے جانوروں کی کھالیں جمع کرنے کے سلسلے میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کا مرکزی کیمپ صدر دفتر واقع فیڈرل بی ایریا میں بنایا گیا تھا جہاں شہر کے مختلف ذیلی پوائنٹس سے بھی ٹرکوں اور سوزکیوں کے ذریعے کھالیں پہنچائی جاتی رہی جبکہ

نوجوانوں، بزرگوں اور بچوں نے بھی اپنی مدد آپ کے تحت قربانی کے جانوروں کی کھالیں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکز پہنچائیں۔مرکزی کیمپ کے علاوہ شہر کے مختلف علاقوں میں بھی کھالیں جمع کرنے کیلئے مقامی سطح پر پوائنٹس بنائے گئے تھے اور وہاں بھی عوام کی بڑی تعداد نے قربانی کے جانوروں کی کھالیں عطیہ کی۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین اور مختلف ونگز اور شعبہ جات کے ذمہ داران نے سیکٹر اور یونٹ کی سطح پر چرم قربانی کے حصول کیلئے بنائے پوائنٹس کے دورے کئے اس موقع پر رابطہ کمیٹی نے از خود کھالوں کا عطیہ لیکر آنے والے نوجوانوں اور بزرگوں سے کھالیں وصول کیں اور انہیں خراج تحسین بھی پیش کیا۔عوام نے عیدالاضحیٰ کے پہل وز قربانی کے جانوروں کی کھالیں بہت بڑی تعداد میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کو عطیہ کیں۔کراچی کی طرح سندھ کے مختلف شہروں کے عوام نے بھی خدمت خلق فاؤنڈیشن کو بڑی تعداد میں قربانی کی کھالیں دیں۔خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مینیجنگ ٹرسٹی شعیب بخاری ایڈوکیٹ نے اس موقع پر کہا کہ عوام خدمت خلق فاؤنڈیشن کی اندرون اور بیرون ممالک فلاحی سرگرمیوں سے بخوبی آگاہ ہیں یہی وجہ ہے کہ عیدالاضحیٰ کے موقع پر ان کی جانب سے خدمت خلق فاؤنڈیشن کو قربانی کے جانوروں کی کھالیں عطیہ کی جاتی ہیں۔

☆☆☆☆☆